مرزائیوں سے ہائی کورٹ کے سات سوالات

۵۳ء کی تحریکِ ختم نبوت کے موقع پر پنجاب میں وسیع پیمانے پر ہونے والی خون ریزی کے اسباب معلوم کرنے کے لیے ہائی کورٹ کے جج صاحبان پر مشتمل "منیر انکوائری کمیشن" قائم ہوا۔ اور تحقیقات کے دوران کمیشن نے قادیانیوں سے ان کی مذہبی حیثیت کے تعین کے لیے سات سوالات کیے قادیانیوں نے دجل وفریب کے مخصوص ہتھکنڈوں سے کام لیتے ہوئے جوابات میں اصل معاملات کو گول کرنے کی کوشش کی جس کا پردہ حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ نے اپنے مدلل جواب الجواب میں چاک کر کے رکھ دیا۔ حضرت مولانا جالندھریؒ کے قلم سے نکلنے والی یہ تاریخی عدالتی دستاویز عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان نے زیر نظر رسالہ کی صورت میں شائع کی ہے اور اس کی قیمت دس روپے ہے۔

نور و بشر

"نور و بشر" کا مسئلہ ان جذباتی مسائل میں سے ایک ہے جو گزشتہ ایک صدی سے برصغیر پاک و ہند میں احناف کے دو بڑے گروہوں کے درمیان محاذ آرائی بلکہ سر پھٹول کا عنوان بنے ہوئے ہیں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے اپنی متعدد تصانیف میں ان مسائل پر علماء دیوبند کے موقف کو انتہائی سنجیدگی اور متانت کے ساتھ علمی انداز میں واضح کیا ہے مگر "نور و بشر" کے مسئلہ پر کوئی مستقل تصنیف نہ ہونے کی وجہ سے مولانا حافظ محمد فیاض خان سواتی سلمہ نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی دیگر تصانیف میں سے اس مسئلہ پر ان کی تحقیقات کو زیر نظر رسالہ میں جمع کر دیا ہے ایک سو چھتیس ۱۳۶ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

صلوٰۃ الرسولؐ

زیر نظر رسالہ نماز کے ضروری مسائل پر مشتمل ہے جسے مولانا قاضی کفایت اللہ مہتمم جامعہ سعیدیہ نعمانہ روڈ ڈنگہ ضلع گجرات نے اچھی ترتیب کے ساتھ عام فہم انداز میں مرتب کیا ہے نماز کے بہت سے ضروری مسائل سے عام نمازی بھی اکثر بے خبر ہوتے ہیں اس لیے اس قسم کے